ہری چند اختر

اک عرب (ﷺ) نے آدمی کا بول بالا کر دیا

کس نے ذرّوں کو اٹھایا اور صحرا کر دیا
کس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں اُن کے نام پر
اللہ اللہ! موت کو کس نے مسیحا کر دیا

شوکتِ مغرور کا کس شخص نے توڑا طلسم
منہدم کس نے الٰہی! قصرِ کسریٰ کر دیا

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا دُرِّ یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا

سات پردوں میں چھپا بیٹھا تھا حُسنِ کائنات
اب کسی نے اُس کو عالم آشکارا کر دیا

آدمیّت کا غرض ساماں مہیّا کر دیا
اک عرب (ﷺ) نے آدمی کا بول بالا کر دیا

☆......☆......☆